SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر IV، سال ۱۹۷۱ء

SINDH ORDINANCE NO. IV OF 1971

مغربی پاکستان شہری غیر منقولہ جائیداد مال گذاری ایکٹ ۱۹۵۸ء (سندھ ترمیم) آرڈیننس ۱۹۷۱ء

THE WEST PAKISTAN URBAN IMMOVEABLE PROPERTY TAX ACT (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1971

(CONTENTS) فہرست

تمہید

۱۔ مختصر عنوان

۲۔ مغربی پاکستان، ایکٹ (V)، ۱۹۵۸ء کی تمہید اور اس کے تفصیلی عنوان میں ترمیم

۳۔ مغربی پاکستان، ایکٹ (V)، ۱۹۵۸ء، کی دفعہ (۱) میں ترمیم

۴۔ مغربی پاکستان، ایکٹ (V)، ۱۹۵۸ء، کی دفعہ (۲) میں ترمیم

۵۔ مغربی پاکستان، ایکٹ (V)، ۱۹۵۸ء، کی دفعہ (۴) میں ترمیم

۶۔ مغربی پاکستان، ایکٹ (V)، ۱۹۵۸ء، کی دفعہ (۲۳) میں ترمیم

۷۔ مغربی پاکستان، ایکٹ (V)، ۱۹۵۸ء، کی دفعہ (۲۴) کا اخراج

سندھ آرڈیننس نمبر IV، سال ۱۹۷۱ء

SINDH ORDINANCE NO. IV OF 1971

مغربی پاکستان شہری غیر منقولہ جائیداد مال گذاری ایکٹ ۱۹۵۸ء (سندھ ترمیم) آرڈیننس ۱۹۷۱ء

THE WEST PAKISTAN URBAN IMMOVEABLE PROPERTY TAX ACT (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1971

مغربی پاکستان شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس (مال گذاری) ایکٹ ۱۹۵۸ء اس طرح ترمیم کرنا کہ اس کو صوبہ سندھ میں نافذ کیا جاسکے۔

تمہید

اب جیسا کہ ۲۵، مارچ، ۱۹۶۹ء کے مارشل لاء کے اعلان جس کو عبوری حکم کے ساتھ پڑھا جائے اور اس ضمن میں حاصل تمام اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے گورنر سندھ اور مارشل لاء ایڈمنسٹریٹر (Zone-D) نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بخوشی بنایا اور نافذ کیا۔

مختصر عنوان

1. یہ آرڈیننس مغربی پاکستان شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس (مال گذاری) (سندھ ترمیم) آرڈیننس ۱۹۷۱ء کہلائے گا۔

مغربی پاکستان، ایکٹ (V)، ۱۹۵۸ء کی تمہید اور اس کے تفصیلی عنوان میں ترمیم

2. مغربی پاکستان شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس (مال گذاری) ایکٹ ۱۹۵۸ء جلی صوبہ سندھ میں مستعمل کرنے کے لئے ساتھ ایکٹ کے تفصیلی عنوان اور تمہید کے لفظ "مغربی پاکستان" کے لئے لفظ "سندھ "بدل ہوگا۔

مغربی پاکستان، ایکٹ (V)، ۱۹۵۸ء ،کی دفعہ (۱) میں ترمیم

3. اس ایکٹ کی دفعہ (۱) میں

(الف) ذیلی دفعہ (۱) میں لفظ "مغربی پاکستان" کے لئے لفظ "سندھ" بدل ہوگا۔

(ب) ذیلی دفعہ (۲) مندرجہ ذیل شامل کیا جائے گا۔

(۲) یہ ایکٹ سندھ کے صوبے بھر میں نافذ ہوگا۔

مغربی پاکستان، ایکٹ (V)، ۱۹۵۸ء ،کی دفعہ (۱) میں ترمیم

4. اس ایکٹ کی دفعہ (۲) میں

(الف) کلاز (d) کے الفاظ "مغربی پاکستان" کے لئے لفظ "سندھ "نعم البدل ہوگا۔

(ب) شق (dd) میں مندرجہ ذیل شق شامل ہو گی۔

"[dd] مالک کے کنبہ کے ارکان" کا مقصد ہے، اس (عورت یا مرد) کے۔

(i) بیوی یا شوہر جو بھی صورتحال ہو۔

(ii) منحصر بچے۔

مغربی پاکستان، ایکٹ (V)، ۱۹۵۸ء، کی دفعہ (۴) میں ترمیم

۵۔ اس ایکٹ کی دفعہ (۴)، ذیلی دفعہ (۱) کی شق (b) کے لئے الفاظ، "حکومت مغربی پاکستان" کے لئے کوئی بھی صوبائی حکومت کے الفاظ بدل ہوں گے۔

مغربی پاکستان، ایکٹ (V)، ۱۹۵۸ء، کی دفعہ (۲۳) میں ترمیم

۶۔ اس ایکٹ کی دفعہ (۲۳) کی ذیلی دفعہ (۴) میں الفاظ "مغربی پاکستان" خارج کیا جائے گا۔

مغربی پاکستان، ایکٹ (V)، ۱۹۵۸ء، کی دفعہ (۲۴) کا اخراج

۷۔ اس ایکٹ کی دفعہ (۲۴) خارج ہو گی۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔